رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: ____________

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

KANZUL MADARIS BOARD

درجہ: عالمیہ سال دوم | پرچہ: پہلا | مضمون: صحیح البخاري

تاریخ: 01-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ____________

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)

سوال نمبر1: حدیث پاک کے مطابق رسول اللہ ﷺ پر نزول وحی کا سب سے بھاری وشدید انداز تھا۔

(الف) دل میں الہام ہونا (ب) گھنٹی کی آواز کے ساتھ وحی کا آنا

(ج) انسانی شکل میں فرشتہ کا آنا (د) خواب میں وحی ہونا

سوال نمبر2: "فَيَتَحَنَّثُ فِيْهِ"، حدیث پاک میں "التحنث" کا معنی بیان ہوا ہے۔

(الف) دن میں نفل نماز ادا کرنا (ب) راتوں میں اللہ کا ذکر کرنا (ج) کئی کئی راتوں تک عبادت کرنا (د) رات میں نفل نماز ادا کرنا

سوال نمبر3: ورقہ بن نوفل انجیل کی کتابت۔۔۔زبان میں کیا کرتے تھے۔

(الف) عربی (ب) عبرانی (ج) سریانی (د) فارسی

سوال نمبر4: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک یقین۔۔۔کا نام ہے۔

(الف) بھروسے (ب) توقع (ج) ایمان (د) توکل

سوال نمبر5: حدیث پاک کے مطابق کفر کی طرف لوٹنے کو کس طرح ناپسند کرنا ایمان کا حصہ ہے؟

(الف) جیسے آزمائش میں مبتلا ہونے کو ناپسند کرنا (ب) جیسے غلامی کی طرف لوٹنے کو ناپسند کرنا

(ج) جیسے حسد، کینہ اور بغض کو ناپسند کرنا (د) جیسے آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند کرنا

سوال نمبر6: حضرت ابن ابو ملیکہ نے۔۔۔اصحاب رسول رضی اللہ عنہم سے ملاقات کی۔

(الف) 30 (ب) 25 (ج) 20 (د) 15

سوال نمبر7: حدیث پاک میں معاملات کے نا اہل لوگوں کی طرف سپرد یا منتقل ہونے کو۔۔۔کی علامت کہا گیا ہے۔

(الف) فتنوں کے آغاز (ب) انصاف کے خاتمے (ج) ظہور دجال (د) قیامت

سوال نمبر8:۔۔۔کو رسول اللہ ﷺ نے اپنے سینے کے قریب کیا اور کہا کہ اے اللہ! اس کو کتاب کا علم دے دے۔

(الف) حضرت عبد اللہ بن عباس (ب) حضرت عبد اللہ بن مسعود (ج) حضرت عبد اللہ بن عمر (د) حضرت عبد اللہ بن مبارک رضی اللہ عنہم

سوال نمبر9: قبیلہ عبد قیس کے وفد کو رسول اللہ ﷺ نے۔۔۔چیزوں سے منع کیا۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر10: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں وارد لفظ "البعلوم" کا معنی بیان کیا ہے۔

(الف) دل (القلب) (ب) سر (الرأس) (ج) گلا (مجری الطعام) (د) دماغ (الدماغ)

سوال نمبر11: شب اسراء رسول اللہ ﷺ۔۔۔میں تشریف فرما تھے۔

(الف) مکہ (ب) مدینہ (ج) طائف (د) غار حرا

سوال نمبر12: "ملتحف" کا معنی ہے۔

(الف) منکدر (ب) متوشح (ج) مفروش (د) محتضر

سوال نمبر13: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عربی میں "قنو" کا کیا معنی بیان کیا ہے؟

(الف) حذق (ب) عذق (ج) علق (د) صنو

سوال نمبر14: حدیث پاک کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے ایسی شرط کو کوئی حیثیت نہیں دی۔۔۔

(الف) جو اخلاقا درست نہ ہو (ب) جو معاشرتی تقاضوں کے مطابق نہ ہو

(ج) جس میں قسم کھائی گئی ہو (د) جو کتاب اللہ میں نہ ہو

سوال نمبر15: اللہ پاک کو۔۔۔ کا روزہ سب سے زیادہ پسند ہے۔

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت داؤد علیہ السلام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: رسول اللہ ﷺ نماز تہجد سے قبل۔۔۔ سے اپنے دانت صاف کیا کرتے تھے۔

(الف) مسواک (ب) کلی (ج) انگلی (د) ان تمام اعمال

سوال نمبر17: حدیث پاک کے مطابق رات کے۔۔۔ میں اللہ پاک آسمان دنیا کی طرف تجلی فرماتا ہے۔

(الف) ابتدائی حصے (ب) درمیانے حصے (ج) تیسرے حصے (د) ان تمام اوقات

سوال نمبر18: عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ نے ایسے شخص کی طرح ہونے سے منع فرمایا۔۔۔

(الف) جو قیام اللیل کرتا تھا، پھر اسے ترک کر دیا (ب) جس نے زندگی میں کبھی قیام اللیل نہیں کیا

(ج) جو کبھی کبھی قیام اللیل کرتا ہے (د) جو قیام اللیل کو رات کے ابتدائی حصے میں ادا کرتا ہے

سوال نمبر19: حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا کے مطابق رسول اللہ ﷺ قیام اللیل میں۔۔۔ رکعات ادا فرماتے تھے۔

(الف) 11 (ب) 13 (ج) 15 (د) 17

سوال نمبر20: ابن عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک حج و عمرہ۔۔۔ پر فرض ہے۔

(الف) صاحب استطاعت (ب) صاحب نصاب (ج) جس کے پاس زاد راہ ہو اس پر (د) ہر مسلمان

سوال نمبر21: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے فرمان کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے۔۔۔ میں کبھی عمرہ نہیں کیا۔

(الف) ذی القعدۃ (ب) رجب (ج) شعبان (د) رمضان

سوال نمبر22: مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد رسول اللہ ﷺ نے۔۔۔ قبیلہ سے ثمن کے بدلے مسجد کے لیے زمین لینے کا مطالبہ کیا۔

(الف) بنی نضیر (ب) بنی نجار (ج) بنی تمیم (د) بنی غفار

سوال نمبر23: رسول اللہ ﷺ نے غزوہ تبوک سے واپسی پر مدینہ منورہ کے لیے۔۔۔ نام استعمال کیا تھا۔

(الف) طیب (ب) طاب (ج) طابہ (د) طیبہ

سوال نمبر24: حدیث پاک کے مطابق صاحب حق کے لیے۔۔۔ ہے۔

(الف) مبیع (ب) مقال (ج) مطلوب (د) عقوبت

سوال نمبر25: رسول اللہ ﷺ نے نماز میں تصفیح کو۔۔۔ کے لیے خاص فرمایا۔

(الف) مردوں (ب) بوڑھوں (ج) عورتوں (د) بچوں

CamScanner

الاختبار السنوي:2025م/1446ھ

إدارة كنز المدارس العالمية

KANZUL MADARIS BOARD

الصف:عالمية سنة ثانية	الورقة:الأولى	المادة:صحيح البخاري
التاريخ:01-02-2025 اليوم:السبت	مدةالامتحان:ساعتان ونصف	مجموع الدرجات:75

رقم الجلوس:__________

رقم ورقة الإجابة:__________

أسئلة قصيرة (Short Questions)

ملاحظة:أجب عن خمسة عشر سؤالاً مما يأتي، لكلّ سؤال ثلاث درجات (15x3=45)

السؤال الأول: اذكر ثلاثة أوصاف لورقة بن نوفل المذكورة في حديث صحيح البخاري.

السؤال الثاني: وضّح معنى قوله ﷺ:"لا يؤمن أحدكم حتى أكون أحبَّ إليه من والده وولده والناس أجمعين."

السؤال الثالث: اشرح معنى الحديث:"تطعم الطعام وتقرأ السلام على من عرفت ومن لم تعرف."

السؤال الرابع:"الصلوة في القميص والسراويل والتبان والقباء"،مامعاني هذه الكلمات:"القميص،السراويل،التبان،القباء"

السؤال الخامس: اذكر حديثًا عن جواز الصلاة في النعال.

السؤال السادس: ترجم هذاالحديث:"إذا دخل أحدكم المسجد فليركع ركعتين قبل أن يجلس"وبيّن أي صلاة تشيرإليها الحديث

السؤال السابع: اذكر حديثًا عن فضل قيام الليل.

السؤال الثامن: "قدركم ينبغي أن يكون بين المصلي والسترة"هواسم الباب.لماذاوضع الإمام البخاري هذاالاسم لهذا الباب؟وضح.

السؤال التاسع: ما العلاقة بين العمرة والسعي في الصفا والمروة؟ استدل على ذالك بحديث.

السؤال العاشر: وضح معنى الحديث:"عن النبي ﷺ اشترى طعامًا من يهودي إلى أجل ورهنه درعًا من حديد."

السؤال الحادي عشر: اذكر حديثًا عن جواز الكذب للإصلاح بين الناس مع توضيح معناه.

السؤال الثاني عشر:بأي صفةوصف رسول الله صلى الله عليه وسلم نسب"يوسف بن يعقوب بن إسحاق بن ابراهيم"عليهم السلام

السؤال الثالث عشر: اشرح معنى قوله ﷺ:"فتح الله من ردم يأجوج ومأجوج مثل هذاوعقدبيده تسعين"

السؤال الرابع عشر: اذكرحديثاً في مناقب خالد بن الوليد رضي الله عنه في ضوء صحيح البخاري.

السؤال الخامس عشر: انقل دعاء رسول الله ﷺ المتعلقة بالأنصار والمهاجرين.

السؤال السادس عشر: وضح معنى الحديث: "لا يزال قلب الكبير شاباً في اثنتين: في حب الدنيا وطول الأمل."

السؤال السابع عشر: اذكر دعاء رسول الله ﷺ المحفوظة وتأثيرها في الآخرة، بناءً على الحديث: "لكل نبي دعوة مستجابة."

السؤال الثامن عشر: شكل الإعراب على الحديث: "لا يمنع فضل الماء ليمنع به فضل الكلأ" واذكر معناه.

السؤال التاسع عشر: وضح معني الحديث: "لأرى الفتن تقع خلال بيوتكم كوقع المطر"

السؤال العشرون: لماذا كرر رسول الله ﷺ قوله:"فأُقتل ثم أحيي ثم أُقتل ثم أُحيي ثم أُقتل"؟

أسئلة طويلة (Long Questions)

ملاحظة: أجب عن ثلاثة أسئلة، لكلّ سؤال عشر درجات (3x10=30)

السؤال الأول: اكتب بالتفصيل الأسئلة التي وجهها هرقل ملك الروم، إلى أبي سفيان رضي الله عنه، والإجابات التي قدمها كما وردت في حديث صحيح البخاري.

السؤال الثاني: تحت باب "ماجاء أن الأعمال بالنية والحسبة" أدرج الإمام البخاري الزكاة.اذكرالأحاديث النبوية التي تتحدث عن الزكاة مع شرح مختصر لمعانيها.

السؤال الثالث:باب:قول النبي ﷺ: "بني الإسلام على خمس،"وهوقول وفعل ويزيد وينقص قال الله تعالى:﴿لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمْ﴾[الفتح: 4].﴿وَزِدْنَاهُمْ هُدًى﴾[الكهف: 13]﴿وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى﴾[مريم: 76].﴿وَالَّذِينَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ﴾[محمد: 17].﴿وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا﴾[المدثر: 31].وقوله:﴿أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا﴾[التوبة: 124].وقوله تعالى:﴿فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا﴾[آل عمران: 173].وقوله تعالى:﴿وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا﴾[الأحزاب: 22]. والحب في الله والبغض في الله من الإيمان. وكتب عمر بن عبد العزيز إلى عدي بن عدي:إن للإيمان فرائض وشرائع وحدودا وسننافمن استكملها استكمل الإيمان ومن لم يستكملها لم يستكمل الإيمان فإن أعش فسأبينها لكم حتى تعملوا بهاوإن أمت فماأناعلى صحبتكم بحريص.

في ضوء النصوص المذكورةاشرح بالتفصيل قضية الإيمان والإسلام مع بيان العلاقة بينهما.

السؤال الرابع: اكتب بالتفصيل قصة نزول سيدنا إبراهيم وابنه إسماعيل عليهما السلام مع السيدة هاجره رضى الله عنها في وادي مكة كما وردت في الروايات الصحيحة.

السؤال الخامس: اذكر حديثين من صحيح البخاري لكل من: علي والحسن والحسين رضي الله عنهم مع توضيح معاني هذه الأحاديث.

CamScanner

مختصر سوالات

سوال نمبر 1

ورقہ بن نوفل حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے چچا زاد بھائی تھے۔

عبرانی زبان کے کاتب تھے اور انجیل کو بھی حسب منشائے خداوندی عبرانی زبان میں لکھا کرتے تھے۔

اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اگر میں آپ کا زمانہ نبوت پاؤں تو میں آپ کی پوری پوری مدد کروں گا۔

سوال نمبر 2

ایمان کے کامل ہونے کے لئے حدیث پاک میں یہ شرط بیان کی گئی ہے کہ بندہ اپنے جان و مال سے بڑھ کر حضور علیہ السلام سے محبت کرے۔

سوال نمبر 3

حدیث پاک میں ہے کہ جس نے کھانا کھلایا (بھوکوں کو) اور سلام کو عام کیا یعنی جس کو جانتا ہے اس کو بھی سلام کیا اور جسے نہیں جانتا اسے بھی سلام کیا تو ایسے شخص نے ایمان کی حلاوت کو پالیا۔

CamScanner

(س نمبر 4)

قمیص شلوار جانگیہ اور جُبّہ (قباء)

(س نمبر 5)

حضرت انس بن مالک سے پوچھا گیا کیا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جوتیاں پہن کر نماز پڑھا کرتے تھے انہوں نے کہا جی ہاں

(س نمبر 6)

فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے 2 رکعت ادا کرے۔

اس سے مراد تحیۃ المسجد ہے۔

(س نمبر 7)

حضرت عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ زمانہ نبوی میں لوگ خواب دیکھا کرتے تھے اور پھر اسے نبی کریم علیہ السلام پر بیان کیا کرتے تھے میں نے خواہش کی کہ میں بھی کوئی خواب دیکھوں پھر اسے نبی مکرم علیہ السلام سے بیان کروں

میں ابھی نوجوان تھا اور اس وقت مسجد میں سویا کرتا تھا چنانچہ میں نے خواب دیکھا کہ مجھے 2 فرشتے پکڑ کر دوزخ کی طرف لے جا رہے ہیں اور میں نے دیکھا کہ دوزخ پر کنویں کی طرح منڈیر بنی ہے اور اس کے 2 کنارے ہیں دوزخ میں بہت سے ایسے لوگ تھے جن کو میں پہچانتا تھا میں کہنے لگا دوزخ سے اللہ کی پناہ پھر ہمیں ایک فرشتہ ملا اور اس نے کہا ڈرو نہیں پھر یہ خواب میں نے اپنی بہن حفصہ رضی اللہ عنھا کو بیان کیا انہوں نے نبی پاک علیہ السلام کو بتایا تو نبی پاک نے فرمایا کہ عبداللہ بہت خوب لڑکا ہے کاش کہ وہ رات کو نماز پڑھا کرتا۔

راوی کہتے ہیں اس کے بعد حضرت ابن عمر رات کو بہت کم سویا کرتے تھے۔

درس نمبر 8

امام بخاری نے اس باب کا نام یہ اس لئے رکھا تاکہ نمازی اور سترے کے درمیان کتنا فاصلہ ہونا چاہیے اس چیز کو بیان کرنا مقصود ہے۔

CS CamScanner

درس نمبر 9

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کے طواف میں رمل اور صفا مروہ کے درمیان سعی مشرکین کے سامنے اپنی طاقت دکھانے کے لئے کی۔

درس نمبر 10

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی سے غلّہ خریدا (ایک خاص مدت کے قرض پر) اور اس کے پاس اپنی لوہے کی زرہ بطور رھن رکھوا دی۔ یہ حدیث کوئی چیز ادھار لے سکتے ھیں اس چیز کے جواز پر دلالت کر رہی ہے۔

درس نمبر 11

فرمان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ھے۔

جھوٹا وہ نہیں ہے جو لوگوں میں با

ہم صلح کروانے کے لئے کوشش کرے اور اس کے لئے اچھی بات کی

چغلی کھائے یا اسی سلسلے کی اور کوئی اچھی بات کہہ دے۔

درس نمبر 12

حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ شریف بن شریف بن شریف بن شریف یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراھیم علیہم السلام ہیں -

یعنی آپ نے یہ اپنے بارے میں فرمایا۔

درس نمبر 13

نبی کریم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ پاک نے یاجوج ماجوج کی دیوار اتنی اتنی کھول دی ہے راوی نے 90 کا اشارہ کر کے بتایا۔

یہ حدیث پاک اس بات پر دلالت کر رہی ہے کہ یاجوج ماجوج کی دیوار میں شگاف آ رہا ہے جو آہستہ آہستہ بالکل ختم ہو جائے گی ۔

درس نمبر 14

نبی کریم علیہ السلام نے حضرت زید، جعفر اور رواحہ رضی اللہ عنہم کی شہادت کی خبر کے بعد فرمایا کہ اب علم اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار (خالد بن ولید) نے اٹھا لیا اور اللہ پاک ان کے ہاتھوں پر مسلمانوں کو فتح عنایت فرمائے گا۔

درس نمبر 15

حضور علیہ السلام نے خندق کھودتے وقت ارشاد فرمایا: حقیقی زندگی تو صرف آخرت کی زندگی ہے اے اللہ پاک انصار اور مہاجرین کے درمیان صلح کو باقی رکھو اور ایک حدیث میں کہا گیا ہے اے اللہ انصار و مہاجرین کی مغفرت فرما۔

درس نمبر 16

نبی پاک علیہ السلام نے فرمایا کہ بوڑھے آدمی کا دل بھی 2 چیزوں کے بارے میں جوان رہتا ہے دنیا کی محبت میں اور لمبی امیدوں میں۔

یعنی یہ دونوں چیزیں انسان کی محبت اور اس کے سامنے ہی رہتی ہیں۔

درس نمبر 17

فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم:

ہر نبی کے لئے ایک دعا ہوتی ہے جو کہ قبول کی جاتی ہے اور میں ارادہ کرتا ہوں کہ میں اپنی دعا کو آخرت میں اپنی امت کی شفاعت کے لئے محفوظ رکھوں۔

درس نمبر 18

لَا تَمْنَعُوا فَضْلَ الْمَاءِ لِتَمْنَعُوا بِهِ فَضْلَ الْكَلَأِ

بچے ہوئے پانی سے کسی کو اس لئے نہ روکا جائے کہ اس طرح سے ضرورت سے زیادہ گھاس بھی بچی رہے گی۔

یعنی کسی کا کنواں ایک مقام پر ہو اس کے ارد گرد گھاس ہو جس میں عام طور پر سب کو چرانے کا حق ہو مگر کنویں والا کسی کو اس نیت سے پانی نہ پینے دے کہ وہاں کا گھاس محفوظ رہے۔

درس نمبر 19

فرمان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم: ضرور میں فتنوں کو تمہارے گھروں میں بارش کے قطروں کی طرح گرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔

یعنی یہ فتنوں کی کثرت ہوگی اس لئے فرمایا۔

CS CamScanner

درس نمبر 20

فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم :

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت

میں میری جان ہے میری خواہش ہے کہ میں اللہ کے راستے میں جہاد

کروں اور شہید کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر شہید کیا جاؤں پھر زندہ

کیا جاؤں پھر شہید کیا جاؤں ۔

CamScanner

طویل سوالات

سوال نمبر 1

پہلی بات جو ہرقل نے ابو سفیان سے پوچھی وہ یہ کہ اس شخص (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کا خاندان تم لوگوں میں کیسا ہے؟ میں نے کہا وہ تو بڑے اونچے عالی نسب والے ہیں کہنے لگا تم لوگوں میں سے پہلے کسی نے ایسی بات کہی تھی؟ میں نے کہا نہیں کہنے لگا اچھا اس کے بڑوں میں کوئی بادشاہ ہوا ہے؟ میں نے کہا نہیں پھر اس نے کہا کہ بڑے لوگوں نے اس کی پیروی کی ہے یا کمزور لوگوں نے میں نے کہا نہیں کمزوروں نے پھر کہنے لگا کہ اس کے ساتھی دن بدن بڑھ رہے ہیں یا کوئی پھر بھی جاتا ہے؟ کہا - نہیں کہنے لگا کیا اس نے دعوی نبوت سے پہلے کبھی جھوٹ بولا ہے میں نے کہا نہیں - ہرقل نے کہا کیا تمہاری کبھی اس سے لڑائی ہوئی ہے؟ ہم نے کہا ہاں کہا پھر اس کی اور تمہاری قوم کی جنگ کا کیا حال ہوتا ہے؟ ہم نے کہا کبھی وہ جیت لیتے ہیں کبھی ہم ہرقل نے کہا وہ تمہیں کس بات کا حکم دیتا ہے میں نے کہا وہ کہتا ہے صرف ایک اللہ کی عبادت کرو اس کا کسی کو شریک نہ بناؤ اور ہمیں نماز پڑھنے، سچ بولنے پرہیزگاری اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے۔

درس نمبر 2

"انما الاعمال بالنیۃ والحسبۃ"

تو عمل میں ایمان، وضو، نماز، زکوٰۃ، حج روزہ اور سارے احکام آ گئے۔

اللہ پاک نے فرمایا: (قل کل یعمل علی شاکلتہ) اے پیغمبر فرما دیجئے کہ ہر کوئی اپنی طریق یعنی نیت پر عمل کرتا ہے۔

اور آدمی اگر ثواب کی نیت سے اللہ کا حکم سمجھ کر اپنے گھر والوں پر ~~صدقہ~~ خرچ کرتا ہے تو اس میں بھی اسے صدقے کا ثواب ملتا ہے

فرمان نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم:

جب آدمی ثواب کی نیت سے اپنے اہل و عیال پر خرچ کرے پس وہ بھی اس کے لئے صدقہ ہے۔

فرمان آخری نبی علیہ السلام:

تو جو کچھ بھی خرچ کرے اور اس سے تیری نیت اللہ کی رضا حاصل کرنی ہو تو تجھے ثواب ملے گا یہاں تک کہ اس پر بھی جو تو اپنی بیوی کے منہ میں ڈالے۔

سوال نمبر 3:

نبی پاک علیہ السلام کا فرمان "اسلام کی بنیاد 5 چیزوں پر ہے۔" اور ایمان

وہ قول و فعل کا نام ہے جو کم بھی ہوتا ہے اور زیادہ بھی ہوتا ہے۔

اسلام کا اطلاق عام طور پر ظاہری اعمال (نماز، روزہ، حج وغیرہ پر ہوتا ہے۔

جبکہ ایمان تصدیق قلبی کا نام ہے امام بخاری کے نزدیک ایمان گھٹتا اور

بڑھتا ہے جیسا کہ انہوں نے آیات مبارکہ اور احادیث کریمہ سے استدلال کیا۔

ایمان اسلام کے بغیر صحیح نہیں ہوتا اور اسلام ایمان کے بغیر صحیح نہیں ہوتا

اللہ کی محبت، رسول کی محبت، الحب فی اللہ والبغض فی اللہ بھی ایمان

میں سے ہے۔

جب بھی اسلام اور ایمان ایک ساتھ ذکر کیے جائیں گے تو وہاں سے مراد

ایمان سے خالص قلبی اعمال ہوں گے۔

جبکہ اسلام سے مراد ارکان خمسہ ہیں۔

درس نمبر ۱۶

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ بی بی ہاجرہ کو لے کر مکہ آئے اس وقت وہ حضرت اسماعیل کو دودھ پلاتی تھیں ابراہیم نے ان دونوں کو کعبہ کی جگہ کے پاس ایک بڑے درخت کے پاس بٹھا دیا جو اُس جگہ تھا جہاں اب آب زم زم ہے مسجد کی بلند جانب میں ان دنوں مکہ میں کوئی انسان نہ تھا اس لیے وہاں پانی بھی نہ تھا ابراہیم نے ان دونوں کو وہیں چھوڑ دیا اور ان کے لیے ایک تھیلے میں کھجور اور ایک مشک میں پانی رکھ دیا پھر ابراہیم واپس روانہ ہوئے اس وقت بی بی ہاجرہ ان کے پیچھے پیچھے آئیں اور کہا اے ابراہیم اس خشک جنگل میں جہاں کوئی آدمی اور کوئی بھی چیز موجود نہیں آپ ہمیں چھوڑ کر کہاں جا رہے ہیں انہوں نے اس بات کو کئی دفعہ دہرایا لیکن ابراہیم نے ان کی طرف نہ دیکھا آخر بی بی ہاجرہ نے عرض کیا کیا آپ کو اللہ نے اس کا حکم دیا ہے حضرت ابراہیم نے فرمایا ہاں تو حضرت ہاجرہ بول اٹھیں کہ پھر اللہ ہماری حفاظت بھی فرمائے گا چنانچہ حضرت ابراہیم انہیں وہاں چھوڑ کر چلے گئے۔

سوال نمبر 5

مولی علی کے مناقب:

① حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں۔

② حضور علیہ السلام نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔

سیدنا حسن کے مناقب:

① حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن

رضی اللہ عنہ کو گلے سے لگایا۔

② حضور علیہ السلام نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ میرا

یہ بیٹا سردار ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ اللہ پاک اس کے ذریعے مسلمانوں

کی 2 جماعتوں میں صلح کروائے گا۔

امام حسین رضی اللہ عنہ کے مناقب:

① حضرت انس کہتے ہیں کہ امام حسین حضور علیہ السلام سے سب سے زیادہ مشابہت رکھتے تھے

② حسن و حسین دنیا و آخرت میں میرے 2 پھول ہیں۔

CS CamScanner